لازمی پابندیاں

کووِڈ-19 کے پھیلاؤ کو کم کرنے اور صحت کے نظام کی حفاظت کیلئے البرٹا میں پبلک ہیلتھ کے لازمی اقدامات نافذ ہیں۔

اجتماعات

چاردیواری کے اندر اجتماعات

چاردیواری کے اندر تمام سماجی اجتماعات ممنوع ہیں۔

- وہ افراد جو تنہا رہتے ہیں اور واحد والدین جو صرف 18 سال سے کم عمر کے بچوں کے ساتھ رہتے ہیں وہ ان پابندیوں کے دوران ان دو افراد کا انتخاب کرسکتے ہیں جن سے وہ مِل سکتے ہیں۔

بیرونی اجتماعات

تمام بیرونی سماجی اجتماعات زیادہ سے زیادہ 10 افراد تک محدود ہیں اور ان میں چاردیواری والا جُز ہرگز نہیں ہونا چاہئے۔

شادی بیاہ اور تجہیز و تکفین

شادی بیاہ اور تجہیز و تکفین پر تمام ریسیپشنز ممنوع ہیں۔

- شادی کی تقریبات صرف 10 لوگوں تک محدود ہیں۔
- تجہیز و تکفین کی خدمات صرف 20 لوگوں تک محدود ہیں۔

عبادت کی جگہیں

تمام عبادت گاہوں میں ذاتی طور پر حاضری فائرکوڈ آکیوپینسی کے 25 فیصد تک محدود ہے۔

- ماسک پہننا لازمی ہے۔
- ایک گھرانے کے لوگوں کو ہروقت دوسرے گھرانوں سے دو میٹر کے فاصلے پر رہنا چاہئے۔

ماسک پہننا

تمام اندرونی عوامی جگہوں، کام کرنے کے مقامات اور عبادت کرنے کی جگہوں پر ماسک لازمی ہیں۔

گھر سے کام کرنا

گھر سے کام کرنا لازمی ہے تاوقتیکہ کسی ایمپلائر کو اپنا کام مؤثر طریقے سے چلانے کیلئے کسی ملازم کی جسمانی موجودگی کی ضرورت نہ ہو۔

کاروباری پابندیاں

تفریح اور تفریحی سہولیات

تفریح اور تفریحی سہولیات بند ہیں۔ مثالوں میں تھیٹرز، کیسینوز اور تفریحی مراکز شامل ہیں۔ کمیونٹی ہال اور کانفرنس سینٹرز اس وقت اجازت یافتہ سرگرمیوں کیلئے کُھل سکتے ہیں۔ لائیبریریاں فائرکوڈ آکیوپینسی کے 15 فیصد تک محدود گنجائش کے ساتھ کُھل سکتی ہیں، جس میں عملہ شامل نہیں۔

کھانے کی خدمات

ریستوران، پبز، بارز، لاؤنجز اور کیفیز ذاتی طور پر آکر خدمت حاصل کرنے کیلئے بند ہیں۔ صرف ٹیک آؤٹ اور ڈلیوری کی خدمات کی اجازت ہے۔

خوردہ فروشی کی خدمات

تمام خوردہ فروشی کی خدمات اور شاپنگ مالز کو لازمی طور پر گاہکوں کی گنجائش کو فائرکوڈ آکیوپینسی کے 15 فیصد تک کم کرنا ہوگا، جس میں عملہ شامل نہیں ہے۔

صحت اور پیشہ ورانہ خدمات

صحت اور پیشہ ورانہ خدمات صرف ایک سے ایک کی خدمات کیلئے اپوائنٹمینٹ پر کُھل سکتی ہیں۔ پبلک ہیلتھ اور شعبے کی تمام رہنمائیوں پر لازمی طور پر عمل کرنا ہوگا۔ مثالوں میں دانتوں کے ڈاکٹر، ماہرینِ بصارت، تھراپسٹس، ایکیوپنکچرسٹ، وکیل اور اکاؤنٹینٹ شامل ہیں۔

ذاتی اور تندرستی کی خدمات

ذاتی اور تندرستی کی خدمات صرف ایک سے ایک کی خدمات کیلئے اپوائنٹمینٹ پر کُھل سکتی ہیں۔ پبلک ہیلتھ اور شعبے کی تمام رہنمائیوں پر لازمی طور پر عمل کرنا ہوگا۔ مثالوں میں ہیئر اور ناخن سیلونز، جمالیاتی خدمات اور مساج تھراپی شامل ہیں۔

کارکردگی، کھیل اور جسمانی سرگرمیاں

کم شدت والی فٹنیس ٹریننگ، نوجوانوں اور کالجیئیٹ سپورٹ اور تفریحی سرگرمیوں، اور کارکردگی کی سرگرمیوں (زیادہ سے زیادہ 10 حصہ لینے والے) کی اجازت ہے، پابندیوں کے ساتھ۔

Learn more at alberta.ca/CovidTranslated

©2018 Government of Alberta | Published: مارچ 2021ء

Classification: Protected A